جامع مسجد اہلحدیث گوجرانوالہ کا افتتاحی خطبۂ جمعۃ المبارک

جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے زیر اہتمام گوجرانوالہ میں ایک بہت بڑی عظیم الشان مسجد تعمیر ہوئی۔ جس میں مورخہ 3 اکتوبر 2003ء کو رئیس جامعہ علوم اُثریہ جہلم حافظ عبدالحمید عامر صاحب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث جہلم نے افتتاحی خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ عوام کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

جامع مسجد محمدی اہلحدیث محمدی چوک جہلم میں افتتاحی خطبۂ جمعۃ المبارک

مورخہ 10 اکتوبر 2003ء کا افتتاحی خطبۂ جمعہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے جامع مسجد محمدی اہلحدیث محمدی چوک میں ارشاد فرمایا۔ مسجد اندر اور باہر سے بھر گئی اور یہ پروگرام انتہائی کامیاب رہا۔

جامع مسجد مکی اہلحدیث چک مجاہد شمالی (پنڈ دادنخان) میں افتتاحی خطبۂ جمعۃ المبارک

پنڈ دادنخان کی سرزمین پر جامعہ علوم اثریہ جہلم کے زیر اہتمام دوسری مسجد کی تعمیر مکمل ہوئی اور مورخہ 17 اکتوبر 2003ء کو رئیس جامعہ علوم اثریہ جہلم حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے افتتاحی خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ دور دراز کے مختلف علاقوں سے لوگ جوق در جوق تشریف لائے اور اس پروگرام میں شرکت کی۔

سید یونس علی شاہ بخاری صاحب کو صدمہ

مورخہ 25 اکتوبر 2003ء بروز ہفتہ سید یونس علی شاہ بخاری صاحب کے چچازاد بھائی سید سلیم الدین شاہ صاحب وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ جہلم نے پڑھائی۔ ادارہ ''حرمین'' شاہ صاحب اور ان کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

مولانا محمد اصغر صاحب کو صدمہ

گذشتہ دنوں مولانا محمد اصغر صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ جہلم کے کزن عبدالخالق صاحب طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں مولانا محمد اصغر صاحب نے پڑھائی۔ ادارہ ''حرمین'' ان کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین